خارجیوں کی نشانی احادیث کی زبانی

الحدیث

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”آخر زمانہ میں ایک قوم نکلے گی، وہ لوگ بہت عمدہ قرآن پڑھیں گے مگر حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ وہ اسلام سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے اور دوبارہ لوٹ کر نہیں آتا۔ وہ نکلتے رہیں گے یہاں تک کہ ان کی آخری جماعت دجال کے ساتھ نکلے گی“۔ صحابہ کرام نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ انکی نشانی کیا ہوگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ”وہ سر منڈے ہوں گے“۔ (صحیح بخاری، ج ۲ ص ۶۲۴)

احادیث میں بیان کردہ نشانیاں ایک نظر میں

1. بہت عمدہ قرآن پڑھنے والے ہوں گے۔ .... (صحیح بخاری، ج ۲ ص ۶۲۴)
2. بہت عبادت گزار ہوں گے۔ انکی عبادتوں کو دیکھ کر تم اپنی عبادتوں کو حقیر جانو گے۔ (صحیح بخاری، ج ۱ ص ۵۰۹)
3. قرآن کی طرف بلائیں گے، مگر قرآن کی کوئی شے ان میں نہیں پاؤ گے۔ .... (سنن ابی داؤد، ج ۲ ص ۳۱۲)
4. دین کی باتیں کریں گے مگر ایمان سے خالی ہوں گے۔ .... (صحیح بخاری، ج ۲ ص ۱۰۲۴)
5. کم عمر اور بے وقوف ہوں گے۔ .... (صحیح بخاری، ج ۲ ص ۱۰۲۴)
6. کفار پر نازل ہونے والی آیتوں کو مسلمانوں پر چسپاں کریں گے۔ .... (صحیح بخاری، ج ۲ ص ۱۰۲۴)
7. مسلمانوں پر شرک کا الزام لگائیں گے اور انہیں قتل کریں گے۔ .... (تفسیر ابن کثیر، سورۂ اعراف، آیت نمبر 175)
8. بت پرستوں کو چھوڑیں گے اور مسلمانوں کو قتل کریں گے۔ .... (صحیح بخاری، ج ۱ ص ۴۷۲)
9. اسلام سے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے۔ اور دوبارہ اسلام میں لوٹ کر نہیں آئیں گے۔ .... (صحیح بخاری)
10. ان کی آخری جماعت دجال کے ساتھ نکلے گی۔ .... (سنن نسائی، ج ۲ ص ۱۷۴)
11. کثرت سے سر منڈائیں گے۔ .... (صحیح بخاری، ج ۲ ص ۶۲۴)
12. آدھی پنڈلیوں تک شلواریں رکھیں گے۔ .... (صحیح بخاری، ج ۲ ص ۶۲۴)
13. تم ان سے ملو تو جان لو کہ یہ بدترین مخلوق ہیں۔ .... (صحیح مسلم، ج ۱ ص ۳۴۳۔ سنن ابی داؤد، ج ۲ ص ۳۱۲)
14. اگر میں انہیں پاتا تو قوم عاد و ثمود کی طرح قتل کر دیتا۔ .... (صحیح بخاری، ج ۱ ص ۴۷۲، ج ۲ ص ۶۴۲)

منجانب: اہلسنّت وجماعت • ادارہ احکام اسلام • Cell# 0313-2154722, email:ahkameislam@yahoo.com